INTERLOOP

انٹرلوپ لمیٹڈ

عبوری نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی

کمپنی کے حصص اران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ **31 دسمبر، 2025** کو اختتام پذیر ہونے والی ششماہی سال کے لیے عبوری نقد منافع منقسمہ 2 روپے فی حصص یعنی (%20) کی شرح سے ان حصص اران کے مہیا کردہ بینک اکاؤنٹس میں براہِ راست الیکٹرانک ذرائع سے 25 فروری، 2026 کو جمع کر دیا گیا ہے، جنھوں نے اپنے موثر قومی شناختی کارڈ (سی این آئی سی) اور انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹس نمبر (آئی بی اے این) فراہم کیے تھے۔

کمپنی نے، کمپنیز ایکٹ، **2017** کے سیکشن **242** کے تقاضوں اور بعد میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے SRO1145(I)/2017 کے ذریعے جاری کردہ نوٹیفکیشن کی تعمیل کرتے ہوئے اُن حصص اران کا منافع منقسمہ روک لیا ہے جنھوں نے ابھی تک آئی بی اے این سمیت اپنی مکمل بینک تفصیلات فراہم نہیں کی ہیں۔ لہٰذا تمام حصص اران کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے استحقاق کے اجرا کے لیے اپنے کارآمد سی این آئی سی کی ٹھیک سے نظر آنے والی کاپی اور آئی بی اے این سمیت مکمل بینک تفصیلات کے ساتھ کمپنی یا اس کے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کریں۔

حصص اران کو مطلع کیا جاتا ہے اور ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی، عدم ادائیگی یا روک لیے جانے، سے متعلق معلومات / تفصیلات اور ان پر زکوٰۃ اور ٹیکس کی کٹوتی کی رپورٹ کے لیے خود کو ویب پورٹل **http://csp.cdcaccsess.com.pk** کے ذریعے سی ڈی سی کی ای سروسز سہولت مرکزی کیش ڈویڈنڈ رجسٹر (سی سی ڈی آر) کے پاس رجسٹر کروائیں۔ مزید برآں، آپ کو آپ کے فراہم کردہ رجسٹرڈ ای میل ایڈریس پر اس رپورٹ کی کاپی بھی موصول ہوگی۔

کسی استفسار کی صورت میں براہ کرم مندرجہ ذیل پتہ پر ہمارے شیئر رجسٹرار سے رابطہ کیجئے:

میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B، S.M.C.H.S، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400

رانا علی رضا
کمپنی سیکریٹری

26 فروری، 2026
فیصل آباد

www.interloop-pk.com